نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ کی زیرِ صدارت لاہور میں کپاس کی آئندہ فصل کے متعلق لائحہ عمل کے لئے اجلاس کا انعقاد۔

موسمیاتی تبدیلیوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو کپاس کی آئندہ فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے مشترکہ جامع حکمت عملی ترتیب دینا ہوگی۔سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ

لاہور10 جنوری2023: کپاس کی آئندہ فصل سے پیداواری اہداف کے حصول کے لئے موسمیاتی تبدیلیوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک جامع حکمت عملی پر کاربند ہونا پڑے گا۔کپاس کی آئندہ فصل کی کاشت زیادہ سے زیادہ رقبہ پر یقینی بنائی جائے اور کپاس کی نئی ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جائے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے لاہور میں کپاس کی آئندہ فصل کے لائحہ عمل کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی نے بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری زراعت کو بتایا کہ محکمہ زراعت کی کوششوں سے سال22-2021 کے دوران کپاس کے زیر کاشت رقبہ میں گزشتہ سال کی نسبت قریباً16 فیصد اضافہ ہوالیکن جنوبی پنجاب میں سیلاب کی وجہ سے کپاس کے 2لاکھ 34 ہزار ایکڑ رقبہ کو نقصان پہنچا اور پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے۔اس کے علاوہ صوبہ میں جاری موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ اور بیج کی منظور شدہ اقسام کاشت نہ کرنے کے باعث بھی پیداوار میں کمی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی آئندہ فصل کی بروقت بوائی پر خصوصی توجہ دی جائے اور کپاس کی منظور شدہ اقسام کے بیج کی بوائی کے موقع پر دستیابی یقینی بنائی جائے۔کپاس کے لئے نہری پانی کی دستیابی کے لئے محکمہ آبپاشی کے ساتھ کوآرڈینیشن (خاص طور پر بہاولپور ڈویژن میں اپریل تا مئی کے مہینوں میں) یقینی بنائی جائے۔اس کے علاوہ تحصیل کی سطح پر علاقہ کے مطابقت سے کپاس کے پودے کی غذائی ضروریات کو فروری2023 تک مکمل کیا جائے۔